رکن اسمبلی سنجے کمار کا جگتیال عیدگاہ کا دورہ۔ عیدالاضحیٰ کے انتظامات کا معائنہ کیا

جگتیال16جون (ایس بی این) جگتیال رکن اسمبلی ڈاکٹر سنجے کمار نے آج بی آر ایس پارٹی کے قائدین کے ساتھ عیدگاہ میں ہونے والے انتظامات کا معائنہ کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ جس کو عید قربانی بھی کہتے ہیں حضرت ابراہیم کی یاد کو تازہ کرتی ہے جس میں حضرت ابراہیم نے اللہ تعالیٰ کی خوشی کے لئے اپنے بیٹے کو قربان کرنے تیار ہو گئے انہوں نے عہدے داروں کو ہدایت دی کہ وہ بہترین انتظامات کرے نماز کے لئے آنے والوں کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو اس موقع پر رکن اسمبلی کے ساتھ نائب صدر نشین بلدیہ گولی سری نیواس بی آر ایس پارٹی کے اقلیتی سیل کے صدر نشین عبدالقادر مجاہد آنند راؤ سلطان الدین احمد خواجہ حسیب الدین اعتماد الحق عادل پٹیل فاروق خسرو ہزاری دوملا راجکمار کے علاوہ دیگر قائدین موجود تھے

مکتھل منی اسٹیڈیم کے دکانوں کو کرایہ پر دینے کے احکام

مکتھل، 16/جون (ایس این بی) ڈسٹرکٹ کلکٹر اور ڈسٹرکٹ سپورٹس چیئرمین کے حکم کے مطابق ڈسٹرکٹ یوتھ اسپورٹس ڈپارٹمنٹ کی ہدایت پر مکتھل منی اسٹیڈیم میں 6 دکانیں کرائے پر دینے کا حکم دیا گیا۔ خواہش مند حضرات جو دکان کرایہ پر لینا چاہتے ہیں ڈی وائی ایس او نارائن پیٹ کے نام پر ڈیمانڈ ڈرافٹ تیار کر کے پانچ ہزار روپے ادا کر سکتے ہیں اور 22/جون 2024 تک ڈی وائی ایس او کے دفتر میں رسید جمع کر سکتے ہیں۔ 25/جون 2024 کو صبح 10 بجے مکتھل منی اسٹیڈیم کے احاطے میں چھ دکانیں نیلام کی جائیں گی، ضلع یوتھ اسپورٹس ڈپارٹمنٹ آفیسر شیٹی وینکٹیش سے سیل: 9490409900 رابطہ کر سکتے ہیں۔

چیوڑلہ کے سرکاری اسپتال کے ڈائیلاسس سنٹر میں میں آگ لگنے کا واقعہ

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) تلنگانہ کے چیوڑلہ کے سرکاری اسپتال میں آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا۔ ہفتہ کی رات تقریباً 7.30 بجے اسپتال کے ڈائیلاسس سنٹر میں اچانک شارٹ سرکٹ کی وجہ سے آگ لگ گئی۔ آگ کے ساتھ کثیف دھواں بھی نظر آیا۔ اس واقعہ کے ساتھ ہی اسپتال کے عملہ نے فوری چوکسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسپتال میں موجود مریضوں کو محفوظ طور پر اسپتال سے باہر نکالنے میں کامیابی حاصل کی جس کے نتیجہ میں اسپتال میں موجود مریضوں کی جان بچ گئی۔ اس واقعہ پر مریضوں کے رشتہ داروں میں بھی تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ کئی مریضوں کے رشتہ داروں کو مریضوں کے اسٹریچر، ہاتھ میں گلوکوز کی بوتلوں اور دیگر طبی آلات کو دیکھا گیا جن کی تصاویر اور ویڈیوز سوشیل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمس پر تیزی کے ساتھ وائرل ہوگئیں۔ کئی رشتہ دار اپنے مریضوں کی حالت پر کافی فکر مند نظر آئے اور ان کو دوسرے اسپتال منتقل کرنے کا مطالبہ کیا۔ ڈائیلاسس سنٹر کے انچارج نے اسپتال میں موجود آگ بجھانے والی مشین کے ذریعہ آگ پر قابو پانے کی کوشش کی۔ اسی دوران اس واقعہ کی اطلاع پولیس اور فائر بریگیڈ کے عہدیداروں کو دی گئی جس کے بعد فائر بریگیڈ اور پولیس کے عہدیدار وہاں پہنچے۔ فائر بریگیڈ کے عہدیداروں نے آگ پر قابو پایا تاہم تب تک اسپتال میں رکھی فائلیں اور ڈائیلاسس کا سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔ آگ بجھانے سے پہلے حکام نے اسپتال میں بجلی کی سپلائی بند کر دی۔ آگ پر قابو پانے کے بعد تمام طبی عملہ، مریضوں اور ان کے رشتہ داروں نے راحت کی سانس لی جنہوں نے حکام سے مطالبہ کیا کہ مستقبل میں ایسے واقعات کا اعادہ ہونے سے روکا جائے۔ اس واقعہ میں کسی کے جھلسنے یا پھر کسی بھی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے البتہ بڑے پیمانہ پر مالی نقصان ضرور ہوا ہے۔

لڑکیوں کیلئے مفت تعلیم حکومت کی دوغلی پالیسی کے سبب طالبات میں بے چینی!!

دیگلور، 16/جون (ایس این بی/قاضی انصار علی ارمان) حکومت مہاراشٹرا نے تمام ریاستی سطح کے اور ڈسٹرکٹس کے تعلیمی ادارے جات میں تمام زمرے کے لڑکیوں کے لیے رواں تعلیمی سال 2024/25 سے میڈیکل کالجس، انجینئرینگ، فارمیسی، کالجس، پالی ٹیکنیک تمام اعلی تعلیمی کالجس، ہائر ایجوکیشن اور ٹیکنیکل ایجوکیشن ایگریکلچرل کالجس میں "مفت تعلیم" مہیا کی جانے کا اعلان مہاراشٹرا کے وزیر برائے اعلیٰ تعلیم و ٹیکنیکل ایجوکیشن مسٹر چندر کانت پاٹیل نے کیا تھا اور انہوں نے تمام سرپرستوں سے اپیل کی تھی کہ وہ کسی بھی کالج میں مفت داخلہ لے سکتے ہیں لہذا اپنی لڑکیوں کو اعلیٰ تعلیم سے آراستہ پیراستہ کرنے کی اپیل متعلقہ وزیر نے کی تھی اس لحاظ سے تمام سرپرست اپنی اپنی لڑکیوں کے ساتھ میڈیکل، انجینئرنگ، پالیٹیکنک کالجس میں عصری اعلیٰ تعلیم اور ٹیکنیکل ایجوکیشن کالجس میں داخلے کے لیے دردر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں اس کے باوجود انہیں تعلیمی ادارے، کالجس کے ذمہ داران "مفت داخلہ" دینے سے انکار کر رہے ہیں کی عام شکایات وصول ہو رہی ہیں۔ اس جی آر کی کب عمل آوری ہوگی؟؟ اسکیلئے تمام سرپرست و طالبات تذبذب کا شکار ہیں- اب جبکہ ایس ایس سی اور انٹرمیڈیٹ بورڈ کے نتائج، گریجویشن کے نتائج کا اعلان ہو چکا ہے اس لحاظ سے تمام طالبات حصول اعلیٰ تعلیم کے لیے کوشاں ہیں۔ نیٹ امتحانات کے نتائج بھی آگئے ہیں اس لحاظ سے طالبات میڈیکل انجینئرنگ فارمیسی ایگریکلچر اور دیگر کالجس کا رخ کر رہے ہیں وہاں جانے کے بعد داخلے کے لیے ہزاروں روپیسالانہ فیس و ڈونیشن طلب کی جا رہی ہے- حکومت مہاراشٹرا نے اس امر میں وزیر برائے اعلیٰ تعلیم و ٹیکنیکل ایجوکیشن کیجانب سے "فری ایجوکیشن اسکیم فار گرلز ان مہاراشٹرا اسٹیٹ اسکیم" کے تحت 800 سے زیادہ عصری تعلیم، اسٹڈی مضامین، گرایجویشن ڈگریوں کے لیے سفارش کی ہے اور انہوں نے کہا تھا کہ اس کے لیے سرپرستوں کو اور گرلز خاتون امیدواران کو فیس نہیں بھرنا ہوگا مفت تعلیم مہیا کی جانے کا اعلان کیا گیا تھا- لیکن تعلیمی ادارے اس امر میں داخلہ دینے کے لیے کوشاں دکھائی نہیں دے رہے ہیں وہ ہزاروں روپے فیس وصول ڈونیشن طلب کر رہے ہیں سن 25=2024 میں بنیادی اور رواجی تعلیم سمیت دیگر عصری ڈگری حاصل کرنے کے لیے اور اتنی بھاری رقومات غریب سرپرست برداشت نہیں کر سکتے ہیں۔ جبکہ طالبات نے میرٹس میں کامیاب ہونے کے باوجود ان سے ہزاروں روپیسالانہ فیس و ڈونیشن طلب کیا جانا معنی خیز ہے؟ ایک طرف حکومت کی مفت تعلیمی پالیسی دوسری طرف لالچی ذمہ داران کالجس مینجمنٹ کے سبب طالبات کا استحصال ہو رہا ہے اس جانب حکومت کے اعلیٰ عہدیداران، وزارت ہائر ایجوکیشن اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن متوجہ ہو کر کے کالجس کو وزٹ دیتے ہوئے کاروائی کرنے کی اپیل تمام سرپرستوں نے کی ہے۔

اضلاع میں نماز عیدالاضحیٰ

سنگاریڈی

سنگاریڈی، 16/جون (ایس این بی) عیدگاہ سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحیٰ صبح ٹھیک 9:30 بجے خطیب مولانا حافظ وقاری خواجہ معین الدین عرف رحمت شاہ قادری کی امامت میں ہوگی

☆مسجد جلیلیہ حنیف نعل صاحب گڈہ سنگاریڈی میں نماز عید صبح ٹھیک 6:15 بجے ہوگی۔

☆مسجد صفیہ عثمان پورہ سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحیٰ ٹھیک صبح 6:30 بجے ادا کی جائیگی

☆مسجد سردار چوراہا نعل صاحب گڈہ سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحیٰ صبح ٹھیک 6:10 بجے امام وخطیب مولانا حافظ وقاری محمد کلیم الدین اسعدی کی امامت میں ادا کی جائیگی۔

☆مسجد فہیم النساء پرشانت نگر راجم پیٹ سنگاریڈی میں مفتی محمد اسلم سلطان قاسمی کی امامت میں صبح ٹھیک 6:15 بجے نماز عیدالاضحیٰ ادا کی جائیگی۔

☆مسجد قباء مخدوم نگر، نعل صاحب گڈھ میں نماز عید صبح ٹھیک 6:05 بجے ادا کی جائیگی

☆مسجد حضرت سیدنا عمر فاروق نعل صاحب گڈہ سنگاریڈی میں صبح ٹھیک 6:05 بجے حافظ و قاری محمد مسیح الدین کی امامت میں نماز عیدالاینی ادا کی جائیگی۔

☆مسجد امام ابوحنیفہ نیوبس اسٹانڈ سنگاریڈی میں حافظ وقاری محمد مظہر کی امامت میں نماز عید الاضحی ٹھیک صبح 6:30 بجے ادا کی جائیگی

☆مسجد فاطمہ رحمت پورہ سنگاریڈی میں عید کی نماز ٹھیک 6:30 بجے ادا کی جائیگی

☆مسجد بلال، روبرو رایتو بازار سنگاریڈی میں عید کی نماز ٹھیک 7:30 بجے ادا کی جائیگی

☆مسجد فیضی شاہ نعل صاحب گذہ میں نماز عیدالاضحیٰ ٹھیک 7.15 بجے ادا کی جائیگی

☆مسجد نوری نعل صاحب گڈہ سنگاریڈی میں صبح ٹھیک 6:30 بجے عید کی نماز ادا ہوگی۔

☆مسجد احمد، احمد نگر سنگاریڈی میں ٹھیک 7 بجے عیدالاضحی کی نماز ادا کی جائیگی

☆مسجد رحمتیہ رحمت پورہ سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحیٰ ٹھیک صبح 7 بجے ادا کی جائیگی

☆مدینہ مسجد نعل صاحب گڈہ سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحیٰ صبح 7 بجے ادا کی جائیگی

☆مسجد بسم اللہ جلال باغ سنگاریڈی میں ٹھیک 7:30 بجے نماز عیدالاضحیٰ ادا کی جائیگی

☆مسجد محبوبیہ شانتی نگر میں ٹھیک 8 بجے نماز عیدالاضحیٰ ادا کی جائیگی

☆مسجد سدرہ شانتی نگر میں ٹھیک 7 بجے نماز عیدالاضحیٰ ادا کی جائیگی۔

☆مسجد محمدیہ سنگاریڈی میں ٹھیک 8:30 بجے نماز عید ادا کی جائے گی۔

☆مسجد نعمانیہ گنج میدان سنگاریڈی می صبح ٹھیک 8 بجے نماز عیدالاضحیٰ ادا کی جائیگی

☆مسجد عثمانیہ عثمان پورہ سنگاریڈی میں ٹھیک 8:30 بجے نماز عیدالاضحیٰ ادا کی جائیگی

☆مسجد شاہ پوتریڈی پلی چوراہا سنگاریڈی میں صبح ٹھیک 8:30 بجے نماز عید ادا کی جائیگی

☆مسجد دیندار خان اوپر بازار سنگاریڈی میں صبح ٹھیک 8:30 بجے نماز عیدالاضحیٰ ادا کی جائیگی

☆مسجد سارا الٰہی مارکس نگر سنگاریڈی میں ٹھیک 8:30 بجے نماز عید ادا کی جائیگی

☆مسجد مصطفیٰ روبرو الیکٹریسٹی آفس سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحیٰ ٹھیک صبح 8:30 بجے ہوگی۔

☆مسجد امام بیگ مخدوم نگر سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحیٰ صبح ٹھیک 9 بجے ادا کی جائے گی

☆مسجد قباء چاوش باغ سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحی صبح ٹھیک 8 بجے ادا ہوگی

☆جامع مسجد سنگاریڈی میں نماز عیدالاضحیٰ صبح ٹھیک 9 بجے ادا کی جائیگی۔

ظہیرآباد

ظہیرآباد 15/ جون (ایس این بی) ظہیرآباد عیدگاہ انتظامی کمیٹی کی اطلاع مطابق عید الاضحیٰ کی نماز صبح 8 بجے عیدگاہ میں ادا کی جائے گی۔

دیگلور

دیگلور، 16/جون (ایس این بی/قاضی انصار علی ارمان) صدر مجلس انتظامی دارالعلوم ضیائیہ عربیہ عبدالجلیل سیٹھ عمودی کی اطلاع کے بموجب عیدگاہ دیگلور میں نماز عیدالاضحیٰ نو (9) بجے ادا کیجائے گی۔ نماز سے قبل قاضی سید امداد علی خطیب جامع مسجد و ناظم دارالعلوم مفتی مختارالدین رفاعی عیدالاضحیٰ کے مسائل بیان کریں گے۔ مصلیان اپنے ساتھ جانماز ضرور لائیں۔ اگر بارش ہوجائے تو جہاں پر جمعہ کی نماز ادا کی جاتی ہے ایسی تمام مساجد میں عیدالاضحیٰ کی نماز کا انتظام کیا گیا ہے- الحمدللہ دارالعلوم ضیائیہ عربیہ اور مدرسہ عربیہ ترتیل القرآن دیگلور سے اب تک مہاراشٹرا، تلنگانہ اور کرناٹک کے سینکڑوں علماء اور حفاظ تیار ہوئے ہیں اور سینکڑوں طلبہ علم دین سے استفادہ حاصل کیا ہے ایک کثیر تعداد اب بھی فیضیاب ہو رہی ہے، جنکے قیام وطعام، تعلیم و تربیت اور کتابوں کا انتظام عوام کے تعاون ہی سے کیا جاتا ہے لہذا اہل خیر حضرات اس موقع پر زیادہ سے زیادہ رقمی امداد کرنے کی اپیل دونوں اداروں نے کی ہے۔

☆☆مسجد قاسم نزد دارالعلوم ضیائیہ عربیہ میں نماز عیدالاضحیٰ ساڑھے چھ بجے (6 = 30) ادا کیجائیگی- جرم ہائے قربانی کیلئے یا عطیات پہنچانے کے لیے موبائل 9403835555 یا 9890242783 پر رابطہ قائم کرنے کی اپیل کی گئی ہے-

☆☆ناظم مدرسہ ترتیل القرآن مولانا مرغوب الرحمان حسامی کے بموجب مسجد معین (نرنگل روڈ) نماز عیدالاضحیٰ سواچھ (15=6) بجے ادا کیجائے گی۔ اور چرم ہائے قربانی یا عطیات کیلیئے حافظ مرزا ایوب بیگ سے موبائل نمبرات۔ 9860236280 یا حافظ سید عتیق سے 9096272262 پر رابطہ کرنے کی پر خلوص اپیل کی ہے۔ تمام مسلمان بھائیوں سے اپیل کیگئی ھیکہ نماز عیدالاضحیٰ واجب ہے جبکہ نماز فجر فرض ہے اسلئے تمام احباب نماز فجر ضرور ادا کریں اگر ادا نہ کر سکے قضاء نماز پڑھکر ہی عیدگاہ یا مسجد تشریف لائیں۔

پرتیک جین نے بحیثیت کلکٹر ضلع وقارآباد اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا

تانڈور۔ 16/جون (ایس این بی) پرتیک جین آئی اے ایس نے آج اتوار کو بحیثیت کلکٹر و ضلع مجسٹریٹ وقارآباد ضلع متبادلہ ضلع کلکٹر نارائن ریڈی سے اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیا۔ یاد رہے کہ کل ریاستی حکومت نے جن 20/آئی اے ایس عہدیداروں کے تبادلے کے احکام جاری کئے تھے ان میں ضلع کلکٹر وقارآباد نارائن ریڈی بھی شامل ہیں جن کا نلگنڈہ ضلع تبادلہ عمل میں لایا گیا ہے اور ان کے مقام پر بھدراچلم ضلع میں بطور آئی ٹی ڈی ایس عہدیدار خدمات انجام دے رہے پرتیک جین کو ترقی دیتے ہوئے کلکٹر ضلع وقارآباد مقرر کیا جن کا آئی اے ایس 2017 کے بیاچ سے تعلق ہے۔ آج اپنے عہدہ کا جائزہ حاصل کرنے کے بعد کلکٹر و ضلع مجسٹریٹ وقارآباد ضلع پرتیک جین نے ان کی ترقی اور کلکٹر ضلع وقارآباد تقرر کئے جانے پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور چیف سیکریٹری محترمہ شانتی کماری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عہدیداروں، عوامی نمائندوں اور عوام کے تعاون سے وقارآباد ضلع کی ترقی کو یقینی بنائیں گے اور عوامی مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہوگی۔

ملاپور منڈل۔ حیدرآباد بس سہولت فراہم کرنے پونم پربھاکر سے نمائندگی

کورٹلہ، 16/جون (ایس بی این) حلقہ اسمبلی کورٹلہ کے منڈل ملاپور سے ریاستی دارالحکومت حیدرآباد کیلئے آر۔ٹی۔سی بس سہولت فراہم کرنے کی اپیل کرتے ہوئے جواڑی کرشنا راؤ ریاستی قائد کانگریس پارٹی نے ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ وبی۔سی ویلفیئر پونم پربھاکر سے حیدراباد میں ملاقات کرتے ہوئے نمائیندگی کی۔ اس موقع پر ریاست قائد کانگرس پارٹی جواڑی کرشنا راؤ نے ریاستی وزیر پونم پربھاکر کو بتایا کہ ملاپور منڈل سے طلباء، کاروبار پیشہ افراد، ملازمین اور عوام کی کثیر تعداد ریاستی دارالحکومت حیدراباد کے لیے سفر کرتی ہے اور کثیر تعداد میں لوگ ملاپور سے حیدراباد کے لیے روزآنہ روانہ ہوتے ہیں اور انہی حیدراباد جانے کے لیے تقریبا تین بسوں کو بدلتے ہوئے حیدراباد تک پہنچنا پڑتا ہے راست طور پر حیدراباد کے لیے ملاپور سے آر۔ٹی۔سی بس سہولت نہ ہونے کے سبب عوام کافی پریشان حال ہے اور حیدراباد کے سفر کے دوران ملاپور کی عوام کافی مسائل سے دوچار ہو رہی ہے اسلیئے ملاپور کی عوام کو راحت پہنچانے کے لیے کورٹلہ سے ایک بس موضع ریگنٹہ، ملاپور، متم پیٹ سے ہوتے ہوئے آرمورتا حیدرآباد چلائی جائے اور دوسری بس مٹ پلی سے موضع متیم پیٹ، ملاپور، ریگنٹہ، رائیکل، جگتیال سے ہوتے ہوئے حیدرآباد کیلئے اسطرح دوبسیں چلائی جائے جبکہ ملاپور سے مٹ پلی جارہی بسوں کو کستاپور، رتنا پور مواضعات سے ہوتے ہوئے مٹ پلی کیلئے چلائی جائے کیونکہ مواضعات کے باہر سے ہی بس چھوڑ جانے کے سبب عوام کو کافی پریشانی لاحق ہے اگر اسطرح بس سہولت موضع کے قلب سے ہوتی ہوئی فراہم کی جاتی ہے تو عوام کو کافی راحت ہوگی۔ اس ضمن میں ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے جواڑی کرشنا راؤ کی نمائیندگی کو قبول کرتے ہوئے اس ضمن میں مناسب اقدامات کرنے کیلئے محکمہ جاتی عہدیداروں کو ہدایت دی۔

امن وامان کی برقراری کیلئے تمام شہریوں کا تعاون ناگزیر

عیدالاضحیٰ کے پیش نظر ایس آئی مکتھل وانچارج اوٹکور ایس آئی کا ہنگامی اجلاس

اوٹکور، 16/جون (ایس این بی) امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے کی خواہش اوٹکور پولیس اسٹیشن میں مسٹروائی بھاگیا لکشمی ریڈی ایس آئی مکتھل وانچارج اوٹکور ایس آئی نے ضلع ایس پی مسٹر یوگیش گوتم سی آئی مکتھل کے حکم پر ایک ہنگامی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوٹکور ایک متحدہ ضلع محبوب نگر و نارائن پیٹ ضلع میں حساس مقام جانا جاتا ہے۔ کل مسلمانوں کا عید تہوار بقرعید ہے۔ مسلمانوں کے دونوں عیدگاہوں تاریخی عیدگاہ شاہی اہل سنت والجماعت پر بھاری تعداد میں مسلمانوں کا مجمع دیکھا جاتا ہے۔ جہاں پر اوٹکور مستقر کے علاوہ قریبی مواضعات کولور مخدوم پور اوبلاپور سمتاپور جٹرم بجوار کے مسلمانوں کی کافی تعداد فریضہ عیدالاضحیٰ خشوع وخضوع کے ادا کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ اوٹکور میں عیدگاہ اہلحدیث میدان میں بھی فرزندان توحید مرد وخواتین نماز عیدالاضحیٰ ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں عیدگاہوں پرامن وامان کی برقراری کیلئے پولیس دستہ تعینات کئے جائیں گے انہوں نے اوٹکور کے سیاسی وسماجی اور ہندو مذہبی رہنمائں سے پرزور اپیل کی کہ امن کو قائم کرنا ہوگا اور ماحول سے روکا جائے۔ اگر کوئی شر پسند ماحول کو مکدر کرے تو پولیس ان اشرار کو نہیں بخشے گی۔ اور کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے مسلمانوں سے اپیل کی کہ صاف وصفائی کا خاص خیال رکھیں۔ قربانی کے جانوروں میں گائے کی قربانی نہ کریں۔ کیونکہ گائے پر پابندی عائد ہے۔ اگر بڑے جانوروں کی قربانی ہوں تو جیسے بیل ہے تو جانوروں کہ سرٹیفائی تصدیق جانوروں کے ڈاکٹر سے لینا ہوگا۔ انہوں نے گام پنچایت عملہ اور سرپنچ مقامی سے کہا کہ صفائی اور نالیوں میں گندگی وغیرہ جیسے وبائی امراض کے تدارک کیلئے پاوڈر کا چھڑکاؤ کریں تاکہ ماحول صاف وستھرا رہے۔ اس موقع پر ناصر خان سابق کونسلر بی آر ایس، اشفاق میکانک، عبدالخالق ہوٹل، عبدالسبحان، محمد خواجہ سابق نائب سرپنچ، عبدالقدوس جکلیر، موہن ریڈی، آنند کمار، اون قصاب، رمیش آخر میں مسٹر بھاگیا لکشمی ریڈی ایس آئی مکتھل نے قبل از وقت عیدالاضحیٰ کے موقع پر تمام مسلمانوں کو مبارکبادی۔

جگن کے مکان کے روبرو تعمیرات کے انہدامی۔ میونسپل عہدیدار کا تبادلہ

حیدرآباد، 16/جون (ایس این بی) حیدرآباد میں آندھراپردیش کے سابق چیف منسٹر جگن موہن ریڈی کے گھر کے سامنے چند ڈھانچوں کو منہدم کرنے کے ایک دن بعد حیدرآباد کے ایک اعلیٰ میونسپل عہدیدار کا تبادلہ کر دیا گیا۔ آئی اے ایس افسر بھور کاڈے ہیمنت سہد یوراؤ، زونل کمشنر (خیریت آباد زون)، گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) کو ان کے عہدے سے فارغ کر دیا گیا۔ جی ایچ ایم سی کمشنر کے امرپالی نے انہیں جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے سامنے رپورٹ کرنے کی ہدایت دی ہے۔ جی ایچ ایم سی کمشنر کی جانب سے یہ کارروائی اس وقت سامنے آئی جب تلنگانہ حکومت نے اعلیٰ افسران کی منظوری کے بغیر انہداموں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا۔ تاہم، جی ایچ ایم سی زونل کمشنر نے تلنگانہ کے ایک وزیر کی ہدایت پر جوبلی ہلز میں لوٹس پانڈ میں جگن موہن ریڈی کے گھر کے قریب رہنے والے مکان کو منہدم کرنے کا حکم دیا تھا۔

کرناٹک کرناٹک کرناٹک کرناٹک کرناٹک

جنگلاتی رقبہ میں اضافہ کیلئے عوام کا تعاون ناگزیر

ریاست کو سرسبز وشاداب بنانے ہرشہری دو پودلگانے وزیراعلیٰ کی اپیل

میسور، 16/جون (ایس این بی) حکومت نے ریاست میں ہریالی بڑھانے کے کام کو ترجیح دی ہے اور عوام کو بھی اس کام میں ہاتھ بٹانا چاہیے۔ وزیراعلیٰ سدارامیا نے کہا کہ کسی کو کم از کم دو پودے لگا کر ان کی پرورش کرنی چاہیے۔ راجیو اسنی ہابالگ اور سری دھرما ستھلا گرام بھیوریڈی یوجنا .B.C انہوں نے لکشا ورکشا ابھیان کا افتتاح کرتے ہوئے بات کی، جس کا اہتمام ٹرسٹ کے تعاون سے کیا گیا تھا۔ ریاست میں 19 فیصد جنگلات ہیں اور شمالی کرناٹک میں 5 فیصد سے کم جنگلاتی رقبہ ہے، جس پر مستقبل قریب میں توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ قدرت انسان کی تمام ضروریات پوری کرتی ہے۔ ہر شخص کو آئندہ نسلوں کے لیے بھی دو پودے لگانے چاہیئے۔ جنگلات کے رقبے سے لوگوں کو اچھی بارش اور صحت ملے گی لیکن بڑھتی ہوئی آبادی کے حساب سے جنگلات میں اضافہ کرنے کی بجائے جنگلات کو تباہ کیا جارہا ہے۔ دہلی کے اپنے دورے کے دوران انہوں نے درجہ حرارت 50 ڈگری سیلسیس تک بڑھنے کو یاد کیا اور کہا کہ جنگلات کی کٹائی بھی اس کی ایک وجہ ہے۔ ہر سال لاکھوں پودے لگائے جاتے ہیں اور پودے بعد کے مراحل میں پرورش نہیں پاتے۔ حکومت نے گزشتہ سال 5 کروڑ پودے لگائے تھے۔ اس کا 80 فیصد باقی رہنا چاہیے۔ تاہم، یہ زیادہ نہیں دیکھا گیا ہے کہ حکام نے پودے لگانے کو ترجیح دی ہے۔ وزیر جنگلات ایشورا کھنڈرے نے کہا کہ اگلے تین ماہ میں پودے لگانے اور ان کے انتظام کے بارے میں حکومت سے رپورٹ طلب کی جائے گی۔ ہم نے گزشتہ سال میسور میں 20 لاکھ پودے لگائے تھے۔ اس بار مانسون جلد آ گیا ہے اور اس بار بھی 11 لاکھ پودے لگانے کا منصوبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پانچ سالوں میں 25 کروڑ پودے لگانے کا ہدف رکھتے ہیں۔ 25 لاکھ پودے لگانے کی تیاریاں کی جارہی ہیں کیونکہ چیف منسٹر نے 100 کروڑ روپے کی اضافی گرانٹ فراہم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ چیف منسٹر نے میسور کو سنگل یوز پلاسٹک فری سٹی قرار دیا ہے۔ ہمارا محکمہ ماحولیات پلاسٹک کو روکنے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے لوگوں سے ہاتھ جوڑ کر حلف اٹھانے کی اپیل کی کہ وہ سنگل یوز پلاسٹک کا استعمال نہیں کریں گے۔

ایم بی پاٹل نے ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے فیصلے کو درست قرار دیا

وجئے پورہ، 16/جون (ایس این بی) وزیر ایم بی پاٹل نے کہا کہ ڈیولپمنٹ کیلئے پیسے کی ضرورت کی وجہ سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ پاٹل نے قیمتوں میں اضافے کا دفاع کیا ہے۔ شہر میں نامہ نگاروں سے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری ریاست میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمت دیگر ریاستوں کے مقابلے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تملناڈو سمیت دیگر ریاستوں کے مقابلے کم ہے اور کسی پر غیر ضروری بوجھ نہیں ڈال رہا ہے۔ آپ نے یہ کیوں نہیں پوچھا کہ مودی کے آنے کے بعد گیس سلنڈر کی قیمت بڑھ گئی ہے؟ جب مرکز میں ہماری حکومت تھی تو پٹرول 60 روپے تھا اب 105 روپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری ریاستوں کا موازنہ کریں اور دیکھیں ہماری ریاست میں قیمت کم ہے۔ پڑوسی ریاستوں کے مقابلے ہماری پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم ہیں۔ تملناڈو اور دیگر ریاستوں میں یہ شرح 5 سے 10 روپے زیادہ ہے۔ دیگر ریاستوں کے مقابلے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کر کے قیمت میں اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی آمدنی کم ہو رہی ہے۔ ترقی کیلئے پیسے کی ضرورت ہے۔ اس لیے قیمت میں غیر ضروری اضافہ کیا گیا ہے۔ وزیر نے کہا کہ دیگر ریاستوں کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے اور اگرچہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ ان کی قیمت دیگر ریاستوں کے مقابلے ہماری ریاست میں کم ہے۔ اگر ہم تیل کی قیمت بڑھا بھی دیں تو کیا یہ ریاست کی ترقی کیلئے، عوام کیلئے نہیں؟ ہم ہر ایک کو گارنٹی کے منصوبے پیش کر رہے ہیں۔ ہمیں فائنانشیل موبلائزیشن کرنا ہے۔ اس کے باوجود کیا ہمارے ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں دوسری ریاستوں کے مقابلے زیادہ ہیں؟

محکمہ صحت میں کونسلنگ کے ذریعے تبادلہ

ہبلی (ایس این بی) اس بار ٹرانسفر محکمہ صحت میں کونسلنگ کے ذریعے کیا جائیگا۔ حکومت نے یہ فیصلہ ان کوالیفائیڈ ڈاکٹروں اور عملے کو انصاف فراہم کرنے کیلئے کیا ہے جو 8 سال سے منتظر ہیں۔ گزشتہ سال حکومت کے قیام کے دوران ڈاکٹروں سمیت ہزاروں طبی عملے کے تبادلے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ جنرل ٹرانسفر کے باوجود سب کے مطالبات پورے کرنا ممکن نہ تھا۔ 2016 سے محکمہ صحت میں مناسب تبادلے نہیں ہوئے۔ وزیر صحت دنیش گنڈوراؤ نے محکمہ کے اعلی عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ اس بار مکمل کونسلنگ کے ذریعہ تبادلے کو انجام دیا جائے۔ محکمہ صحت نے ڈاکٹروں اور طبی عملے کو گروپ 'اے' سے گروپ 'ڈی' میں کونسلنگ کے ذریعے منتقل کرنیکا سرکلر جاری کیا ہے اور کونسلنگ 31 جولائی تک مکمل کر لی جائیگی۔ شعبہ میں جن اسپیشلسٹ اسامیوں کی نشاندہی کی گئی ہے، ڈاکٹروں کو مطلع کیا گیا ہے کہ وہ ان ماہر ڈاکٹروں کی معلومات جمع کرائیں جو خصوصیت کے مطابق کام کیے بغیر دیگر اسپیشالٹی/دیگر پوسٹوں پر کام کر رہے ہیں۔ تین سال کی سروس مکمل کرنیوالے ڈاکٹروں، گروپ بی کے ملازمین جنہوں نے چار سال مکمل کیے ہیں۔ گروپ سی کے ملازمین جنہوں نے 5 سال مکمل کیے ہیں اور گروپ ڈی کے ملازمین جنہوں نے 7 سال کی سروس مکمل کی ہے ان سے معلومات جمع کرانے کو کہا گیا ہے۔ جون کے آخر میں مذکورہ سروس کی مدت پوری کرنیوالے ڈاکٹروں اور عملے کے عہدوں پر کونسلنگ کے ذریعے تبادلے کیلئے الاؤنس دیا گیا ہے۔

نارتھ ویسٹرن ٹرانسپورٹ کارپوریشن کا 350 نئی الیکٹرک بسیں شروع کرنے کا منصوبہ

ہبلی (ایس این بی) نارتھ ویسٹ کرناٹک روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے ٹریفک اور مسافروں کی مانگ کو پورا کرنے کیلئے 350 نئی الیکٹرک بسیں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اگر سب کچھ منصوبہ بندی کے مطابق ہوا تو اگلے دو ماہ میں الیکٹرک بسیں چلنا شروع ہو جائینگی۔ 350 الیکٹرک بسوں میں سے ادارے نے شہری ٹرانسپورٹ کیلئے 150 الیکٹرک بسیں اور دیہی ٹرانسپورٹ کیلئے 200 الیکٹرک بسیں چلانے کا تصور کیا ہے۔ ٹینڈر کی مدت 31 مئی کو ختم ہو چکی ہے۔ زیادہ تر کمپنیوں نے یہ کہہ کر جواب دیا ہے کہ چند دنوں میں نہ صرف ہبلی- دھارواڑ، اولی نگر بلکہ شمال مغربی کرناٹک میں بھی الیکٹرک بسیں چلیں گی۔ ٹرانسپورٹ آرگنائزیشن کے مینیجنگ ڈائریکٹر پرینگا نے کہا کہ ٹنڈر بسوں کے مائیلج کی بنیاد پر طلب کیے گئے تھے۔ ٹینڈر کا عمل GCC CONTRACT کے ذریعے کیا گیا تھا۔ ٹرانسپورٹ ایجنسی نے ٹینڈر دینے والوں پر بس مینٹیننس اور اے سی آپریشن سمیت کئی شرائط عائد کر کے بس چلانے کی تیاری کر لی ہے۔ گارنٹی اسکیم کی وجہ سے لوگوں کی نقل وحرکت پہلے ہی بڑھ گئی ہے اور اب ادارے نے الیکٹرک بسیں چلا کر معاشی نظام کی تلافی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ، عوام کیلئے تکلیف دہ: راگھویندرہ

شیموگہ، 16/جون (ایس این بی) حال ہی میں ہوئے لوک سبھا انتخابات میں کانگریس نے 20 نشستوں پر کامیابی حاصل کرنے کا ہدف رکھا تھا جب ناکامی ہوئی تو انتقامی سیاست پر اتر آئی ہے۔ نتائج ظاہر ہوتے ہی کانگریس پارٹی کے لیڈر بیان بازی پر اتر آئے ہیں۔ یہ بات رکن پارلیمان بی وائی راگھویندرہ نے کہی۔ اتوار کو پارٹی دفتر میں اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر کے ووٹرس سے بدلہ لے رہی ہے۔ حال ہی میں شیموگہ میں منعقدہ اجلاس میں کانگریس پارٹی کے لیڈروں نے کہا کہ گارنٹی اسکیمیں ہم نے دی اور ووٹ بی جے پی کو دیا گیا ہے ان کی باتوں سے ایسا لگتا ہے کہ گارنٹی اسکیموں کے لئے کانگریس لیڈران فنڈ اپنے گھر سے لا کر دے رہے ہیں۔ ڈیزل اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کا ہر ایک پر اثر پڑیگا زرعی سرگرمیاں شروع ہو چکی ہیں زرعی آلات کے لئے ڈیزل کی ضرورت پڑیگی قیمتوں میں اضافہ سے ہر ایک اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوجائیگا مزید کہا کہ حکومت ایک ہاتھ سے دیکر دوسرے ہاتھ سے چھین رہی ہے۔ غریبوں کی زندگیوں سے کھلواڑ کیا جارہا ہے۔ ایک سال میں ترقیاتی کاموں کیلئے ایک روپے بھی جاری نہیں کیا گیا ہے سب رجسٹر کی قیمتوں میں اضافہ کردیا ہے۔ ابھی موقع ہے ووٹرس پر غصہ اتارنا بند کر کے سدھار لائیں۔ اس موقع پر ضلع صدر ٹی ڈی میگراج نے کہا کہ جب ملک کو کوئی آفات آتی ہے تو قیمتوں میں اضافہ کر کے سرکاری خزانہ کو بھرا جاتا ہے۔ لیکن یہاں کوئی ایسی وجہ نہیں ہے۔ یہاں تو ریاستی حکومت نے انتقامی سیاست کے نتیجہ میں قیمتوں میں اضافہ کیا ہے مزید کہا کہ اس کے خلاف 17 جون کو کسان مورچہ، مہیلا مورچہ، اوبی سی مورچہ سمیت دیگر شعبوں کے کی طرف سے گوپی سرکل میں احتجاج کیا جائیگا۔ اس موقع پر سابق وزیر داخلہ وتیرتھا ہلی رکن اسمبلی آرگا گیانیندرہ نے کہا کہ سرمایہ کار کرناٹک میں سرمایہ لگانے سے پیچھے ہٹ رہے ہیں۔

قربانی کے جانوروں کے خون اور غلاظت کو راستوں اور گلیوں میں نہ ڈالیں: شوکت پاشاہ

میسور، 16/جون (ایس این بی) میسور کے سابق کارپوریٹر و میسور بیڑی مزدور اسوسی ایشن کے جنرل سکریٹری کے سی شوکت پاشاہ نے اپنے ایک پریس ریلیز میں بتایا ہے کہ بروز پیر منائی جانے والی عید الاضحیٰ کے موقع پر ہر گھر میں دی جانے والی جانوروں کی قربانی کے خون کو راستوں پر نہ بہائیں اور اپنے پڑوسیوں کو پریشان نہ کریں اور پاک وصاف ماحول کو گندہ نہ کریں۔ کے سی شوکت پاشاہ نے بتایا ہے کہ میسور سٹی کارپوریشن کی جانب سے میسور شہر کے تمام وارڈوں میں کارپوریشن کے موٹر گاڑیاں آپ کے محلے تک پہنچ کر قربانی کے جانوروں کی غلاظت حاصل کریں گی اور شہر میسور جو پاکی صفائی میں سارے دیش میں اول نمبر پر ہے۔ اس لئے میسور کے برادران اسلام سے گزارش کی گئی ہے وہ ضرورت پڑنے پر ذیل کے موبائل نمبروں کو ڈائیل کر کے موٹر گاڑیوں کو اپنے گھر تک بلوا کر قربانی کے جانوروں کی غلاظت کو کارپوریشن کی لاریوں اور آٹوؤں میں ڈال دیں۔ وہیکل کا نمبر کے اے 09، 1224، ڈرائیور کا نام: چندر شیکھر، موبائل نمبر: 9739616673، یہ گاڑی کھڑی کی جانے کا مقام: راجیو نگر پارک، وہیکل کا نمبر کے اے 09، 8709، ڈرائیور کا نام: پٹو، موبائل نمبر: 8147241290، موبائل نمبر: 8147241290، یہ گاڑی کھڑی کی جانے کا مقام: روبروئے عزیز سیٹھ اسکول، وہیکل کا نمبر: کے اے 09، 8708، ڈرائیور کا نام: آنند، موبائل نمبر: 7411506050، یہ گاڑی کھڑا کی جانے کا مقام: عقب واٹر ٹینک، کلیان گری، وہیکل کا نمبر: کے اے 09، 8316، ڈرائیور کا نام: وشواناتھ، موبائل نمبر: 9686421668، یہ گاڑی کھڑی کی جانے کا مقام: شمس فنکشن ہال کے قریب۔ کے سی شوکت پاشاہ نے برادران اسلام سے گزارش کی ہے کہ وہ کسی بھی حالت میں جانوروں کی غلاظت کو راستوں پر نہ پھینکیں اور اس غلاظت کو انڈر گراؤنڈ ڈرینج کے پائپ میں بھی نہ ڈالیں اور برادران اسلام کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ پاکی آدھا ایمان ہے اور غیر مسلموں کے آگے ہم کو پاکی وصفائی کا ایک نمونہ بن کر رہنا چاہیئے اور پڑوسیوں کی سہولت کا خیال رکھنا چاہیئے اور یہ سب ہمارے مذہب اسلام کی تعلیمات میں شامل ہیں اور کوئی نئی بات نہیں ہے۔